روزنامہ پاکستان
چیف ایڈیٹر: مجیب الرحمان شامی

03, March , 2014

# پولیس اور پراسیکیوشن کے اشتراک کے مثبت نتائج جلد سامنے آئیں گے، رانا مقبول احمد

لاہور(نامہ نگارخصوصی )محکمہ پراسیکیوشن کو مکمل طور پر کمپیوٹرائز کیا جا رہا ہے،جس کیلئے پی سی ون منظور ہو چکا ہے۔ صوبے بھر میں پراسیکیوٹرز کو لیپ ٹاپ دیے جا رہے ہیں تا کہ روزانہ کی بنیاد پر ڈیٹا سامنے آئے۔اس طرح نا صرف کارکردگی کا جائیزہ لیا جا سکے گا بلکہ احتساب کا عمل بھی تیز ہوگا۔قانون پراسیکیوٹر کو اختیار دیتا ہے کہ جھوٹے اور نا قابل ٹرائل مقدمے کو ابتدائی مرحلے میں خارج کر سکے۔حکومت پنجاب نے سقم سے پاک شواہد اکٹھے کرنے کیلئے 3ارب روپے کی لاگت سے ماڈرن فورینزک سائنس لیبارٹری تعمیر کی ہے۔ پراسیکیوٹرز جانفشانی سے کام کرتے ہوئے اپنی موجودگی کا احساس دلائیں ۔ ان خیالات کا اظہار وزیر اعلیٰ پنجاب کے معاون خصوصی اور سابق آئی جی رانا مقبول احمد نے " آزاد اور خود مختار پراسیکیوشن کی اہمیت" کے عنوان سے منعقدہ کانفرنس سے خطاب میں کیا۔حکومت پنجاب، سینٹر فار ریسرچ اینڈ سکیورٹی سٹڈیز اور جرمن ترقیاتی ادارے جی آئی زیڈ کے زیر اہتمام منعقدہ اس کانفرنس میں روزنامہ پاکستان کے چیف ایڈیٹر،سینئر صحافی و تجزیہ نگار مجیب الرحمٰن شامی،سیکرٹری پراسیکیوشن ندیم ارشاد کیانی،ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج حامد حسین شاہ،ماہر قانون پروفیسر ہمایوں احسان، امتیاز گل، سینئر کالم نگار میاں سیف الرحمٰن،سلمان عابد، پراسیکیوٹر جنرل پنجاب احجد جاوید گورال، پراسیکیوٹرز اور طلبہ و طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔رانا مقبول احمد نے مزید کہا کہ سرکاری وکیل پر عوام کا اعتماد بحال کرنا ہمارا مشن ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت آزاد اور خود مختار پراسیکیوشن پر یقین رکھتی ہے ادارے ہر طرح کے دباؤ سے آزاد ہو کر بہترین کارکردگی دکھاتے ہیں۔محکمہ پراسیکیوشن اور عوام میں فاصلے مٹانے اور انصاف کے عمل کو یقینی بنانے کیلئے پراسیکیوشن ہیلپ لائن کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ پولیس اور پراسیکیوشن کے اشتراک کے مثبت نتائج جلد سامنے آئیں گے۔ کانفرنس سے خطاب میں مجیب الرحمٰن شامی نے کہا کہ عدلیہ کی آزادی کے بعد اب پولیس اور پراسیکیوشن کی آزادی اور خود مختاری کی مہم چلانا ہوگی۔انہوں نے کہا کہ ترقی یافتہ ممالک کی طرز پر سیاسی دباؤ سے آزاد ادارے قائم کرنا ہوں گے۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج حامد شاہ نے کہا کہ مقدمے میں سقم اور ناقص تفتیش کے باعث بہت سے مجرم سزا سے بچ جاتے ہیں۔ سیکرٹری پراسیکیوشن ندیم ارشاد کیانی نے کہا کہ تربیت یافتہ پراسیکیوٹرز نظام کو مضبوط بنا رہے ہیں اور معزز جج صاحبان بھی انکی تعریف کر رہے ہیں۔ پراسیکیوٹرز کو ہدایات جاری کی ہیں کہ ابتدائی مرحلے ہی میں ہر مقدمے کے قابل ٹرائل ہونے کا جائزہ لیا جائے۔ ہمایوں احسان نے کہا کہ دہشت گردی پر قابو پانے کیلئے پراسیکیوشن کا آہنی شکنجہ مضبوط بنانا ہو گا۔امتیاز گل نے کہا کہ قانون کی حکمرانی جمہوری معاشرے کی بنیاد ہے۔کانفرنس کے شرکاء نے آزاد اور خود مختار پراسیکیوشن سروس کو انصاف کی فراہمی کے لئے بنیادی جز قرار دیا۔

www.express.com.pk
DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس لاہور
MONDAY, MARCH 3, 2014
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
جلد 14 شمارہ 4 | یکم جمادی الاول 1435ھ 3 مارچ 2014ء 19 پھاگن 2070ب صفحات 16 قیمت 12 روپے

## پراسیکیوٹرز کو لیپ ٹاپ دیئے جارہے ہیں، روزانہ کی بنیاد پر ڈیٹا سامنے آئیگا، کارکردگی کے جائزہ کے ساتھ احتساب کا عمل بھی تیز ہوگا، رانا مقبول کا کانفرنس میں انکشاف

لاہور (اپنے سٹاف رپورٹر سے) محکمہ پراسیکیوشن کو مکمل طور پر کمپیوٹرائز کیا جارہا ہے جس کیلئے پی سی ون منظور ہو چکا ہے۔ صوبے بھر میں پراسیکیوٹرز کو لیپ ٹاپ دیئے جارہے ہیں تاکہ روزانہ کی بنیاد پر ڈیٹا سامنے آئے۔اس طرح نا صرف کارکردگی کا جائیزہ لیا جاسکے گا بلکہ احتساب کا عمل بھی تیز ہوگا۔ پراسیکیوٹرز کو ہدایات جاری کی ہیں کہ ابتدائی مرحلے ہی میں ہر مقدمے کے قابل ٹرائل ہونے کا جائزہ لیا جائے۔ قانون پراسیکیوٹر کو اختیار دیتا ہے کہ جھوٹے اور ناقابل ٹرائل مقدمے کو ابتدائی مرحلے میں خارج کر سکے۔ حکومت پنجاب نے سقم سے پاک شواہد اکٹھے کرنے کیلئے 3 ارب روپے کی لاگت سے ماڈرن فوریزک سائنس لیبارٹری تعمیر کی ہے۔ پراسیکیوٹرز جانفشانی سے کام کرتے ہوئے اپنی موجودگی کا احساس دلائیں۔ان خیالات کا اظہار وزیراعلیٰ پنجاب کے معاون خصوصی اور سابق آئی جی رانا مقبول احمد نے۔ " آزاد اور خود مختار پراسیکیوشن کی اہمیت " کے عنوان سے کانفرنس سے خطاب میں کیا۔انہوں نے کہا کہ سرکاری وکیل پر عوام کا اعتماد بحال کرنا ہمارا مشن ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت آزاد اور خود مختار پراسیکیوشن پر یقین رکھتی ہے ادارے ہر طرح کے دباؤ سے آزاد ہو کر بہترین کارکردگی دکھاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اور پراسیکیوشن کے اشتراک کے مثبت نتائج جلد سامنے آئیں گے۔انہوں نے کہا کہ مجرم کو سزا دلانے کے ساتھ بے گناہ کو تکلیف سے بچانا بھی ہمارے مشن کا حصہ ہے۔انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پراسیکیوٹرز کو نیک مقصد کیلئے چنا ہے انہیں اپنے رب کے ہاں جوابدہی کو مد نظر رکھتے ہوئے کام کرنا چاہیے۔ کانفرنس سے خطاب میں مجیب الرحمٰن شامی نے کہا کہ عدلیہ کی آزادی کے بعد اب پولیس اور پراسیکیوشن کی آزادی اور خود مختاری کی مہم چلانا ہوگی۔انہوں نے کہا کہ ترقی یافتہ ممالک کی طرز پر سیاسی دباؤ سے آزاد ادارے قائم کرنا ہوں گے۔ جسٹس حامد شاہ نے کہا کہ مقدمے میں سقم اور ناقص تفتیش کے باعث بہت سے مجرم سزا سے بچ جاتے ہیں۔ سیکرٹری پراسیکیوشن ندیم ارشاد کیانی نے کہا کہ تربیت یافتہ پراسیکیوٹرز نظام کو مظبوط بنا رہے ہیں اور معزز جج صاحبان بھی انکی تعریف کر رہے ہیں۔ ہمایوں احسان نے کہا کہ دہشت گردی پر قابو پانے کیلئے پراسیکیوشن کا آہنی شکنجہ مضبوط بنانا ہوگا۔امتیاز گل نے کہا کہ قانون کی حکمرانی جمہوری معاشرے کی بنیاد ہے۔ کانفرنس کے شرکاء نے آزاد اور خود مختار پراسیکیوشن سروس کو انصاف کی فراہمی کے لئے بنیادی جز قرار دیا۔

THE DAILY JANG LAHORE

روزنامہ جنگ لاہور

بانی میر خلیل الرحمٰن

March 01, 2014

## محکمہ پراسیکیوشن کو مکمل طور پر کمپیوٹرائزڈ کیا جائیگا، پی سی ون منظور

لاہور (خبرنگار خصوصی) محکمہ پراسیکیوشن کو مکمل طور پر کمپیوٹرائز کیا جارہا ہے جس کیلئے پی سی ون منظور ہو چکا ہے۔ ان خیالات کا اظہار وزیراعلیٰ پنجاب کے معاون خصوصی اور سابق آئی جی رانا مقبول احمد نے "آزاد اور خود مختار پراسیکیوشن کی اہمیت" کے عنوان سے منعقدہ کانفرنس سے خطاب میں کیا۔ رانا مقبول احمد نے کانفرنس سے خطاب میں کہا کہ سرکاری وکیل پر عوام کا اعتماد بحال کرنا ہمارا مشن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترقی یافتہ ممالک کی طرز پر سیاسی دباؤ سے آزاد ادارے قائم کرنا ہوں گے۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج حامد شاہ نے کہا کہ مقدمے میں سقم اور ناقص تفتیش کے باعث بہت سے مجرم سزا سے بچ جاتے ہیں۔

---

روزنامہ نوائے وقت لاہور (4) یکم مارچ 2014ء

کرائم

## محکمہ پراسیکیوشن کو کمپیوٹرائزڈ کیا جارہا ہے، پی سی ون منظور ہو چکا: رانا مقبول احمد

لاہور (وقائع نگار خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب کے معاون خصوصی اور سابق آئی جی رانا مقبول احمد نے کہا ہے کہ محکمہ پراسیکیوشن کو مکمل طور پر کمپیوٹرائزڈ کیا جارہا ہے جس کے لئے پی سی ون منظور ہو چکا ہے۔ صوبے بھر میں پراسیکیوٹرز کو لیپ ٹاپ دیئے جارہے ہیں تاکہ روزانہ کی بنیاد پر ڈیٹا سامنے آئے۔ اس طرح نہ صرف کارکردگی کا جائزہ لیا جا سکے گا بلکہ احتساب کا عمل بھی تیز ہوگا۔ قانون پراسیکیوٹرز کو اختیار دیتا ہے کہ جھوٹے اور ناقابل ٹرائل مقدمے کو ابتدائی مرحلے میں خارج کر سکے۔

روزنامہ
نئی بات
لاہور
چوہدری عبدالرحمٰن

Monday, March 03, 2014



وزیراعلیٰ پنجاب کے معاون خصوصی وسابق آئی جی رانا مقبول احمد پراسیکیوشن کانفرنس کی صدارت کررہے ہیں

# سرکاری وکلاء پر عوام کا اعتماد بحال کرنا مشن ہے: رانا مقبول

## محکمہ پراسیکیوشن کو کمپیوٹرائز کیا جارہا ہے: معاون خصوصی وزیراعلیٰ کا کانفرنس سے خطاب

لاہور (وقائع نگار) محکمہ پراسیکیوشن کو مکمل کمپیوٹرائز کیا جارہا ہے جس کیلئے پی سی ون منظور ہو چکا ہے۔ صوبے بھر میں پراسیکیوٹرز کو لیپ ٹاپ دیئے جارہے ہیں تاکہ روزانہ کی بنیاد پر ڈیٹا سامنے آئے، اس طرح نا صرف کارکردگی کا جائزہ لیا جاسکے گا بلکہ احتساب کا عمل بھی تیز ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار وزیر اعلیٰ پنجاب کے معاون خصوصی اور سابق آئی جی رانا مقبول نے کانفرنس سے خطاب میں کیا۔ حکومت پنجاب، سینٹر فار ریسرچ اینڈ سکیورٹی سٹڈیز اور جرمن ترقیاتی ادارے جی آئی زیڈ کے زیر اہتمام کانفرنس میں سیکرٹری پراسیکیوشن ندیم ارشاد کیانی، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج حامد شاہ و دیگر نے شرکت کی۔ رانا مقبول نے کہا سرکاری وکلاء پر عوام کا اعتماد بحال کرنا ہمارا مشن ہے۔

ABC CERTIFIED
لاہور/اسلام آباد/راولپنڈی/گوجرانوالہ/پشاور اور کراچی سے شائع ہونے والا قومی اخبار
روزنامہ سما لاہور
Daily SAMA
چیف ایڈیٹر منور احمد
ایڈیٹر: عاطف سعید
جلد 7 ہفتہ یکم مارچ 2014ء 28 ربیع الثانی 18 پھاگن 2070ب صفحات 12 قیمت 10 روپے 29




لاہور معاون خصوصی وزیراعلیٰ پنجاب رانا مقبول پراسیکیوشن کانفرنس کی صدارت کر رہے ہیں

# محکمہ پراسیکیوشن کو کمپیوٹرائز کرنے کیلئے پی سی ون منظور ہو چکا: رانا مقبول

## صوبہ بھر میں ڈیلی ڈیٹا سامنے لانے کیلئے پراسیکیوٹرز کو لیپ ٹاپ فراہم کرینگے خطاب

لاہور (جنرل رپورٹر) محکمہ پراسیکیوشن کو مکمل طور پر کمپیوٹرائز کیا جا رہا ہے، جس کیلئے پی سی ون منظور ہو چکا ہے۔ صوبے بھر میں پراسیکیوٹرز کو لیپ ٹاپ دیے جا رہے ہیں تاکہ روزانہ کی بنیاد پر ڈیٹا سامنے آئے۔ اس طرح نا صرف کارکردگی کا جائزہ لیا جا سکے گا بلکہ احتساب کا عمل بھی تیز ہو گا۔ پراسیکیوٹرز کو ہدایات جاری کی ہیں کہ ابتدائی مرحلے ہی میں ہر مقدمے کے قابل ٹرائل ہونے کا جائزہ لیا جائے۔ قانون پراسیکیوٹر کو اختیار دیتا ہے کہ جھوٹے اور نا قابل ٹرائل مقدمے کو ابتدائی مرحلے میں خارج کر سکے۔ حکومت پنجاب نے سقم سے پاک شواہد اکٹھے کرنے کیلئے 3 ارب روپے کی لاگت سے ماڈرن فورینزک سائنس لیبارٹری تعمیر کی ہے۔ پراسیکیوٹرز جانفشانی سے کام کرتے ہوئے اپنی موجودگی کا احساس دلائیں۔ ان خیالات کا اظہار وزیراعلیٰ پنجاب کے معاون خصوصی اور سابق آئی جی رانا مقبول احمد نے ''آزاد اور خودمختار پراسیکیوشن کی اہمیت'' کے عنوان سے منعقدہ کانفرنس سے خطاب میں کیا۔

وزنامہ اوصاف، لاہور، ہفتہ، یکم مارچ، 2014ء

اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار

روزنامہ اوصاف لاہور

DAILY AUSAF LAHORE

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان — ایڈیٹر: محسن بلال خان

اسلام آباد، لاہور، ملتان، مظفر آباد، فرینکفرٹ اور لندن سے بیک وقت شائع ہونیوالا پہلا اردو اخبار

# محکمہ پراسیکیوشن کو مکمل طور پر کمپیوٹرائزڈ، افسران کو لیپ ٹاپ دینگے

رانا مقبول احمد

پاکستان کی پہلی پراسیکیوشن اکیڈمی میں بین الاقوامی معیار کی تربیت دی جارہی ہے، جس کے جج صاحبان بھی معترف ہیں، سیکرٹری پراسیکیوشن

انصاف کی فراہمی کیلئے عدلیہ کے ساتھ ساتھ پولیس اور پراسیکیوشن کی آزادی اور خودمختاری بھی ضروری ہے، مجیب الرحمٰن شامی

لاہور (خصوصی نمائندہ) محکمہ پراسیکیوشن کو مکمل طور پر کمپیوٹرائز کیا جارہا ہے جس کیلئے پی سی ون منظور ہو چکا ہے۔ صوبے بھر میں پراسیکیوٹرز کو لیپ ٹاپ دیے جا رہے ہیں تاکہ روزانہ کی بنیاد پر ڈیٹا سامنے آئے۔ اس طرح نا صرف کارکردگی کا جائزہ لیا جا سکے گا بلکہ احتساب کا عمل بھی تیز ہوگا۔ پراسیکیوٹرز کو ہدایات جاری کی ہیں کہ ابتدائی مرحلے ہی میں ہر مقدمے کے قابل ٹرائل ہونے کا جائزہ لیا جائے۔ قانون پراسیکیوٹر کو اختیار دیتا ہے کہ جھوٹے اور (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 22)



وزیر اعلیٰ پنجاب کے معاون خصوصی و سابق آئی جی رانا مقبول احمد ”آزاد اور خودمختار پراسیکیوشن کی اہمیت“ کے عنوان سے منعقدہ پراسیکیوشن کانفرنس کی صدارت کر رہے ہیں

## بقیہ نمبر 22 — محکمہ پراسیکیوشن

نا قابل ٹرائل مقدمے کو ابتدائی مرحلے میں خارج کر سکے۔ حکومت پنجاب نے سقم سے پاک شواہد اکٹھے کرنے کیلئے 3 ارب روپے کی لاگت سے ماڈرن فورینزک سائنس لیبارٹری تعمیر کی ہے۔ پراسیکیوٹرز جانفشانی سے کام کرتے ہوئے اپنی موجودگی کا احساس دلائیں۔ ان خیالات کا اظہار وزیر اعلیٰ پنجاب کے معاون خصوصی اور سابق آئی جی رانا مقبول احمد نے "آزاد اور خودمختار پراسیکیوشن کی اہمیت" کے عنوان سے منعقدہ کانفرنس سے خطاب میں کیا۔ حکومت پنجاب، سینٹر فار ریسرچ اینڈ سکیورٹی سٹڈیز اور جرمن ترقیاتی ادارے جی آئی زیڈ کے زیر اہتمام منعقدہ اس کانفرنس میں سیکرٹری پراسیکیوشن ندیم ارشاد کیانی، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج حامد شاہ، سینئر صحافی و تجزیہ نگار مجیب الرحمٰن شامی، ماہر قانون پروفیسر ہمایوں احسان، امتیاز گل، سینئر کالم نگار میاں سیف الرحمٰن، سلمان عابد، پراسیکیوٹر جنرل پنجاب احمد جاوید گورال، پراسیکیوٹرز اور طلبہ و طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ رانا مقبول احمد نے کانفرنس سے خطاب میں کہا کہ سرکاری وکیل پر عوام کا اعتماد بحال کرنا ہمارا مشن ہے۔

PAKISTAN TODAY

# Computerisation of Prosecution Department approved

FEBRUARY 28, 2014 BY STAFF REPORT

Special Assistant to Punjab Chief Minister and former IGP Rana Maqbool Ahmad has said that PC-I for the computerisation of Prosecution Department has been approved.

Addressing a conference titled “Significance of Independent Prosecution Service” arranged jointly by Punjab Prosecution Service, Center for Research and Security Studies and GIZ on Friday, he said that laptops would be provided to prosecutors all over Punjab for smooth working and improvement.

He said, “It is our mission to rebuild people’s trust in public prosecutors. Coordination between police and prosecutors helps in bringing criminals to justice.”

Maqbool said that department was establishing a prosecution helpline for increasing the coordination with masses. He said that prosecution was a mission and prosecutors were not there just to convict the criminal but they have to rescue the innocent as well.

Mujeeb ur Rehman Shami, Secretary Prosecution Nadeem Irshad Kiani and District and Session Judge Hamid Shah also spoke on the occasion whereas a large number of prosecutor and students were also present.